


# جنگلی لڑکا

جاوید اقبال

بندروں کا پیچھا کرتے کرتے ہم گھنے جنگل میں داخل ہوگئے۔ بندر درختوں کی شاخوں سے لٹکتے ایک درخت سے دوسرے درخت پر چھلانگیں لگاتے بھاگ رہے تھے اور ہم ان کے پیچھے بھاگ رہے تھے۔ بندروں کی شرارتوں کے بارے میں سنا تھا۔ واقعی آج بندروں نے ہمارے ساتھ شرارت کردی تھی۔

میں نے چڑیا گھر کے لیے وہاں کے افسران سے بندر پکڑنے کا معاہدہ کیا تھا۔ میں

نے اس مہم میں اپنے دوستوں کو بھی شامل کر لیا، تاکہ دوستوں کے ساتھ پکنک بھی ہو جائے اور بندر پکڑ کر کچھ رقم بھی کما لیں گے۔

جنگل میں ہم نے بندروں کا ٹھکانا ڈھونڈا اور وہاں بندروں کی پسند کی کھانے کی چیزیں پھیلا دیں، پھر جال اور پھندے لگا کر جھاڑیوں سے چھپا دیے۔ ہمیں وہاں دیکھ کر بندر بھاگ گئے۔ ہم جھاڑیوں میں چھپ کر ان کی واپسی کا انتظار کرنے لگے۔ کافی انتظار کے بعد بندروں کا ایک جتھا اس طرف آیا اور کھانے کی چیزوں پر ٹوٹ پڑا۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ سب کچھ کھا گئے اور جب ہم نے انھیں ہانک کر جال کی طرف لے جانا چاہا تو وہ جال اور پھندے ہی اُٹھا کر بھاگ نکلے۔

بندروں کا پیچھا کرتے ہوئے ہم جنگل کے اس حصے میں داخل ہو گئے، جہاں اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ گھنے درختوں کی شاخوں سے چھت سی بن گئی تھی۔ جس سے سورج کی روشنی زمین تک نہیں پہنچ رہی تھی اور دن میں بھی رات کا گماں ہو رہا تھا۔ یہاں گہری خاموشی چھائی تھی، یعنی مکمل سناٹا تھا۔

بندر نہ جانے کہاں چھپ گئے تھے۔ ہم اپنے ہتھیار اُٹھائے محتاط قدموں سے آگے بڑھ رہے تھے۔ پتا بھی گرتا تو ہم چونک اُٹھتے۔ اندھیرے کی وجہ سے میں اپنے ساتھیوں سے بچھڑ کر دور نکل گیا۔ جب مجھے ساتھیوں کے بچھڑنے کا احساس ہوا تو میں نے پلٹنا چاہا۔ اچانک کسی نے مجھے پیچھے سے دبوچ لیا اور اپنے دانت میرے کندھے میں گاڑ دیے میرے منھ سے چیخ نکل گئی۔ میں نے اپنے کندھے کو زور سے جھٹکا دیا۔ میرا کاندھا تو اس کی گرفت سے آزاد ہو گیا، مگر اس کا نوکیلا ناخن میرے ایک بازو کے گوشت میں اُترتا چلا گیا۔ پھر وہ ایک دم میرے سامنے آ گیا۔

وہ ایک جنگلی تھا۔ بڑھے ہوئے بال، نوکیلے ناخن، آنکھوں میں وحشت، جسم پر

صرف ایک لنگوٹی پہنے ہوئے تھا۔ وہ پھر مجھ پر جھپٹا، مگر میں پھرتی سے جھکائی دے کر بچ گیا اور دو قدم پیچھے ہٹ کر تیز سیٹی بجائی۔ جواب میں میرے ساتھوں نے بھی سیٹی بجائی، جس کا مطلب تھا، گھبراؤ نہیں ہم آ رہے ہیں۔ یہ ہمارا آپس کا خفیہ اشارہ تھا۔

اس دوران موقع پا کر اس جنگلی نے پھر مجھے دبوچ لیا۔ کم عمر ہونے کے باوجود وہ پھرتیلا اور طاقت ور تھا۔ اتنے میں میرے ساتھی بھی وہاں آ پہنچے۔ مجھے ایک جنگلی سے گتھم گتھا دیکھ کر انھوں نے بندوقیں تان لیں۔

''گولی مت چلانا۔'' میں نے چلّا کر کہا۔

میرے ساتھیوں نے اپنے ہتھیار زمین پر رکھ دیے اور جنگلی پر جھپٹ پڑے۔ تھوڑی سی جدوجہد کے بعد انھوں نے جنگلی پر قابو پالیا۔ ایک ساتھی نے کمر کے گرد بندھے تھیلے سے رسّا نکالا اور جنگلی کو باندھ کر بے بس کر دیا۔ پھر دو ساتھیوں نے اسے اُٹھالیا اور ہم جنگل سے واپس چل پڑے۔

جنگلی انسان کو پکڑنے کی خبر نے مہذب دنیا میں ہلچل مچا دی۔ یہ ایک چونکا دینے والی خبر تھی کہ ایک بچہ انسانوں سے بچھڑ کر جانوروں میں پلا بڑھا اور جانوروں جیسی ہی عادتیں اپنالیں۔ لوگ جوق در جوق جنگلی لڑکے کو دیکھنے آنے لگے۔ کئی دنوں تک اخباری نمائندوں نے ہمیں گھیرے رکھا۔ یہ سلسلہ تھما تو جنگلی کی تربیت شروع کر دی۔ اس سلسلے میں ایک ڈاکٹر اور ایک ماہرِ نفسیات کی مدد بھی مل گئی۔

اس جنگلی کو مہذب بنانے کے لیے بڑی محنت کرنا پڑی۔ آخر ہماری کوششیں رنگ لائیں اور اس میں تبدیلی کے آثار نظر آنے لگے۔ وہ کچھ کچھ ہماری بات سمجھنے لگا اور گھر کے کام بھی کرنے لگا۔ جلد ہی اس نے نشانہ بازی بھی سیکھ لی اور ہمارے مددگار کی حیثیت سے ہمارے ساتھ شکاری مہمات پر جانے لگا۔ ایک اچھا نشانہ باز ہونے کے باوجود

شکاری مہموں کے دوران اس نے کبھی کسی جانور پہ گولی نہ چلائی۔ وہ اپنے پاس ایک تھیلا رکھتا، جس میں جانوروں کے کھانے کی چیزیں ہوتیں، جنھیں وہ جانوروں کے آگے ڈال دیتا اور خود دور کھڑا ہو کر انھیں کھاتے دیکھتا اور خوش ہوتا۔

اس دوران ہم نے اس کے والدین کی تلاش جاری رکھی۔ ایک دن کچھ لوگ اسے دیکھنے آئے۔ انھوں نے بتایا کہ ان کا بچہ بھی جنگل میں کھو گیا تھا۔ اس کے جسم پر ایک مخصوص پیدائشی نشان دیکھ کر انھوں نے اپنے لختِ جگر کو پہچان لیا۔

اپنے بچھڑے ہوؤں سے ملنے کے بعد اس نے ہم سے اپنے والدین کے ساتھ جانے کی اجازت چاہی اور ہم نے دکھی دل سے اسے جانے کی اجازت دے دی۔ ☆


گھر کے ہر فرد کے لیے مفید

ماہنامہ

## ہمدرد صحت

صحت کے طریقے اور جینے کے قرینے سکھانے والا رسالہ

✠ صحت کے آسان اور سادہ اصول ✠ نفسیاتی اور ذہنی اُلجھنیں

✠ خواتین کے صحی مسائل ✠ بڑھاپے کے امراض ✠ بچوں کی تکالیف

✠ جڑی بوٹیوں سے آسان فطری علاج ✠ غذا اور غذائیت کے بارے میں تازہ معلومات

ہمدرد صحت آپ کی صحت و مسرت کے لیے ہر مہینے قدیم اور جدید

تحقیقات کی روشنی میں مفید اور دل چسپ مضامین پیش کرتا ہے

رنگین ٹائٹل --- خوب صورت گٹ اپ --- قیمت: صرف ۴۰ روپے

اچھے بک اسٹالز پر دستیاب ہے

ہمدرد صحت، ہمدرد سینٹر، ہمدرد ڈاک خانہ، ناظم آباد، کراچی